## ایم کیوایم کے نمائندہ وفد کی ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں مسلم لیگ ہاؤس میں مسلم لیگ (ق) پنجاب کے صوبائی صدر چوہدری پرویز الٰہی سے ملاقات

## 10 اپریل کو لاہور میں ایم کیوایم کے جلسہ عام میں مسلم لیگ ق کا وفد شرکت کریگا، چوہدری پرویز الٰہی

## مسلم لیگ ہاؤس میں ملاقات کے بعد میڈیا کے نمائندگان سے گفتگو

لاہور۔۔۔7، اپریل 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ایک نمائندہ وفد نے ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں جمعرات کے روز مسلم لیگ ہاؤس میں مسلم لیگ (ق) پنجاب کے صوبائی صدر چوہدری پرویز الٰہی سے ملاقات کی اورانہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے 10 اپریل کو قذافی اسٹیڈیم روڈ پر ہونے والے ایم کیوایم کے ''جلسہ عام استحکام پاکستان'' میں شرکت کی دعوت دی ۔ ایم کیوایم کے وفد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار اکبر رندھاوا، رضا ہارون، سیف یار خان، وسیم آفتاب، سینیٹر بابر خان غوری، ایم کیوایم لاہور زون کے زونل انچارج سید شاہین انور گیلانی اور متحدہ شوسل فورم لاہور کے جوائنٹ انچارج مبین الدین قاضی شامل تھے ۔اس موقع پر مسلم لیگ ق کے سینئر نائب صدر کامل علی آغا، جنرل سیکریٹری پنجاب چوہدری ظہیر الدین، مسلم لیگ ق کے رہنما اکرم چوہدری، ڈاکٹر اے اکبر خالد، رضوان ممتاز، نومنتخب رکن قومی اسمبلی اویس لغاری کے علاوہ ارکان اسمبلی محترمہ ثمینہ خاور حیات اور محترمہ آمنہ الفت بھی موجود تھیں ۔ایم کیوایم کے وفد نے منتخب رکن قومی اسمبلی اویس لغاری کی کامیابی پر مسلم لیگی رہنماؤں کو مبارکباد پیش کی ۔ ملاقات میں مردم شماری، بلدیاتی الیکشن کے انعقاد، کراچی میں بدامنی، بھتہ خوری اور ملک کی مجموعی سیاسی، سماجی اور اقتصادی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر دونوں جماعتوں کے رہنماؤں نے کراچی میں دہشت گردی کی کارروائیوں میں شہید ہونے والے افراد کی مغفرت اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی ۔ بعدازاں میڈیا کے نمائندگان کو پریس بریفنگ دیتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم نے یہ دورہ جذبہ خیر سگالی کے تحت کیا ہے، پورا پاکستان جانتا ہے کہ مسلم لیگ (ق) کے ساتھ ایم کیوایم کے دیرینہ تعلقات ہیں اور ایسے تعلقات ہیں کہ ہم حکومت میں ہوں، اتحادی ہوں یا اپوزیشن میں ہوں اس کے دونوں جماعتوں کے تعلقات مثالی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارے درمیان بہت سارے ایشوز پر بات ہوئی ہے، مہنگائی، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ سمیت دیگر مسائل کو زیرغور لایا گیا ہے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے معاملے پر ایم کیوایم کا ایک وفد وفاقی وزراء سے ملا تھا جس میں ہم نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں واپس لینے کا مطالبہ کیا تھا لیکن میں یہ یقین دلاتا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ واپس نہیں لیا گیا تو نمایاں کی ضرورکی جائے گی ۔انہوں نے کہا کہ مردم شماری میں آئینی و قانونی تقاضے پورے کئے جائیں اور اس کے عمل میں شفافیت یقینی بنائی جائے، مقامی حکومتوں کے انتخابات کرائے جائیں اور اس سے روگردانی نہ کی جائے ۔میڈیا کے نمائندگان کو پریس بریفنگ دیتے ہوئے چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ ہمیں یہ خوشی ہے کہ ایم کیوایم پنجاب میں فعال جماعت کے طور پر سامنے آرہی ہے اس عمل سے اتحادی پالیسی کو تقویت ملے گی اور ایم کیوایم کو ہماری جانب سے پوری سپورٹ حاصل ہوگی ۔ انہوں نے 10 اپریل کو قذافی اسٹیڈیم روڈ پر ہونے والے جلسہ عام میں مسلم لیگ ق کو شرکت کی دعوت دینے پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ ق کا نمائندہ وفد جلسہ عام میں شرکت کرے گا۔انہوں نے کہا کہ مقامی حکومتوں کی ماضی میں کارکردگی اچھی رہی ہے اور فوری طور پر حکومت کو بلدیاتی انتخابات کرانا چاہئے ۔انہوں نے کہا کہ پنجاب میں امن وامان ہمارے دور میں قائم تھا اور اب کئی گنا خراب ہو چکا ہے، ڈاکٹرز کے ایشو کو حکومت سنجیدگی سے نہیں لے رہی ہے اور صحیح طریقے سے حل نہیں کررہی ہے، ڈاکٹر ہمارے ملک کا اثاثہ ہیں اور ان کے ساتھ یہ رویہ انتہائی نامناسب ہے۔اس موقع پر انہوں نے ایم کیوایم کے جلسہ عام کی کامیابی کیلئے دعا بھی کی ۔

☆☆☆☆☆